نمبر ٤٩ — جلد ٢٠

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ١٩ جمادی الثانی ١٣٤٧ھ مطابق ٣ دسمبر ١٩٢٨ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	صفحہ
١	اضافہ منشی محمود علیخان اہلمد۔	١
٢	رخصت محمد جواہر خاں	٢
٣	منظوری تقرر جدید۔	٣
٤	رخصت ڈپٹی [illegible] صاحب۔	٤
٥	نائب تحصیلدار [illegible]۔	٥
٦	اضافہ شبیر علیخاں اہلمد۔	٥
٧	تصحیح نقشہ رفتار اجلاس۔	٥
٨	نقشہ رفتار اجلاس	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

١٩ نومبر ١٩٢٨ء

مثل مرسلہ فنانس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر در بارہ اضافہ تین روپیہ ماہوار تنخواہ موجودہ منشی محمود علیخان اہلمد ریونیو آفس شاہرہ [illegible] روپیہ بعد حسن انجام دہی کام متعلقہ وزیر متعلقہ نو آبادی جب کہ نو آبادی قائم ہوئی زد۔

حکم

محمود علیخان اہلمد کی تنخواہ میں بموجب رپورٹ تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

رخصت

١٩ نومبر ١٩٢٨ء

مثل رپورٹ سردار صاحب ڈیوڑھی مبارک در بارہ منظوری رخصت [illegible] محمد جواہر خاں من ابتداء ٢٢ نومبر سنہ حال لغایتہ ٣ دسمبر ١٩٢٨ء بغرض گنگا اشنان و بغرض موتراشی وغیرہ

حکم

بموجب رپورٹ گیارہ دن کی رخصت منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ سالگرہ کے بعد ٢٢ نومبر سے رخصت پر جانا چاہئے۔ رخصت کا اندراج کر لیا جائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۹ر نومبر ۱۹۲۸ء

بشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار تقرر جدید کی بموجب رپورٹ منظوری دیجاتی ہی۔ کاغذ واپس ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض — مبر ساند

جناب عالی

مدرسہ سوار مین انگلش ٹیچر کے تقرر کے لئے باشندگان سوار نے درخواست پیش کی تھی پندرہ روپیہ تنخواہ پر انگلش ٹیچر کا تقرر ہوگا۔ چونکہ یہ تقرر جدید ہے۔ لہذا بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایون ہی۔ دولت و اقبال جاوید باد

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون ۔ ۲۰ر نومبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۰ر نومبر ۱۹۲۸ء

ایک ہفتہ کی رخصت منظور ہے۔ بموجب صراحت رپورٹ انتظام کیا جائے۔ کاغذ بغرض اجرای احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض — مبر ساند

جناب عالی

ڈاکٹر جگناتھ اسسٹنٹ سرجن میلہ گنگا اسنان مین جانے کے لئے ۲۰ر نومبر ۱۹۲۸ء سے ایک ہفتہ کی رخصت کی استدعا کی ہی۔ ایام رخصت مین ڈاکٹر مہابیر پرشاد کو اسسٹنٹ ڈسپنسری مین کام کرنے کے لئے چیف میڈیکل افسر صاحب نے تجویز کیا ہی۔ اور بحوالہ حکم اجلاس ہمایون تجویز کیا ہے کہ ایام رخصت مین ڈاکٹر جگناتھ کے تیس روپیہ ماہوار الاونس مین سے ایک روپیہ روز کے حساب سے ڈاکٹر مہابیر پرشاد کو دیا جائیگا۔ لہذا عرضداشت بامید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایون ہی۔ دولت اقبال جاوید باد

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منظوری رخصت ڈاکٹر جگناتھ کے احکام حسب صراحت عرضداشت صدور سے جاری ہون۔

۲۵ر نومبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ر نومبر ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ منشی مصطفے حسین خان نائب تحصیلدار سوار بابت رخصت مزید یک ہفتہ بوجہ علالت پسر۔ مصدقہ حاکم صاحب صدر

رخصت مزید از ۲۰ر نومبر ۱۹۲۸ء

حکم

رخصت مطلوبہ بانتظام سابقہ منظور ہی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۹ر نومبر ۱۹۲۸ء

مثل یادداشت آنریری مجسٹریٹ میونسپلٹی در بارہ اضافہ تنخواہ شبیر علیخان اہلمد بوجہ محنت کام و کمی تنخواہ۔

حکم

حسب سفارش آنریری مجسٹریٹ صاحب میونسپلٹی منشی شبیر علیخان اہلمد کی تنخواہ موجودہ مین دو روپیہ ماہوار کا اضافہ یکم دسمبر سے منظور ہی۔ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

تصحیح۔ گزٹ نمبر ۴۳ مطبوعہ ۲۹ر اکتوبر ۱۹۲۸ء کے نرخنامہ اجناس مین نرخ روغن کنجد ۱۲ ۔ ۔ و نرخ ساہو ۱۶ ر غلط چھپا ہی۔ نرخ روغن کنجد ۱ ۔ ۱۲ ۔ ر اور نرخ ساہو ۱۲ ۔ ۔ صحیح ہی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدائے ہفتہ چہارم ماہ نومبر ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۳ ۱۰ م ۴ ۱۰ م ۵ ۱۰ م ۴ ۱ م					۵ ۱ م	
نخود خالص	۵ ۱۰ م ۵ ۱۰ م					۶ ۱ م	
نخود کہ آمیز	۶ ۱ م					۶ ۱۰ م	
کسہ	۶ ۱۰ م					۷ ۱ م	
ماش	۵ ۱ م					۵ ۱ م	
مونگ	۴ ۱۰ م ۴ ۱ م					۵ ۱ م	
مکا	۶ ۱۰ م ۵ ۱۰ م					۷ ۱ م	
جئی	۶ ۱۰ م ۶ ۱۰ م					۸ ۱ م	
گوجئی						۱۰ ۱ م	
عدس	۵ ۱۰ م ۵ ۱۰ م					۷ ۱ م	
ارہر	۶ ۱ م ۶ ۱۰ م					۸ ۱ م	
برنج	۴ ۱ م ۴ ۱۰ م					۵ ۱ م	
روغن زرد	۸ چھٹانک					[illegible]	
روغن سیاہ	۲ ۱۰ ۱ م					۲ ۱۰ ۱ م	
روغن کنجد	۴ ۱ م					[illegible]	
نمک سانبھر	۱۲ ۱ م					۱۲ ۱ م	
نمک لاہوری	۷ ۱ م					۸ ۱ م	
قند سیاہ	۳ ۱ م ۴ ۱۰ م ۵ ۱ م					۴ ۱ م	
باجرہ	۵ ۱۰ م ۵ ۱۰ م					۷ ۱۰ م	دیگر تحصیلات سے نقشہ جات [illegible]